10

# بادل اور تارے

ختم ہُوا دِن، سورج ڈوٗبا
شام ہوئی اور اُبھرے تارے
جگمگ جگمگ کرتے تارے
نوٗر کے ٹکڑے پیارے پیارے
دوٗر کہیں سے ٹھنڈے ٹھنڈے
تیز ہَوا کے جھونکے آئے



© NCERT not to be republished

کاندھوں پر اپنے وہ اُٹھاکر
چھوٹے چھوٹے بادل لائے
اُن کو دیکھ کے اور بھی برسا
نوٗر مسّرت کا تاروں سے
کوئی چُھپا اور کوئی نکلا
بادل کے اِن اَنباروں سے
کھیل رہے ہوں جیسے بچّے
آنکھ مچولی گلی گلی میں
یا شبنم کے قطرے چمکیں
اوجھل ہو کر گلی گلی میں

— تلوک چند محروم

© NCERT not to be republished

# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے



جگمگ ⇦ چمک دمک

نور ⇦ روشنی

مسّرت ⇦ خوشی

اَنباروں ⇦ انبار کی جمع، ڈھیر، ذخیرہ

شَبنم ⇦ اوس

قطرہ ⇦ بوند

اوجھل ہونا ⇦ نظروں کے سامنے سے دور ہونا

## سوچیے اور بتائیے

1. تارے شام ہونے کے بعد ہی کیوں دکھائی دیتے ہیں؟

2. بادل کس کے سہارے ایک جگہ سے دوسری جگہ کا سفر کرتے ہیں؟

© NCERT not to be republished

**3.** آسمان میں ٹمٹماتے ہوئے تارے کیسے لگتے ہیں؟

**4.** آنکھ مچولی کھیلتے ہوئے بچّے کس کو کہا گیا ہے؟

**5.** شبنم کے قطروں کو آپ نے کہاں کہاں دیکھا ہے؟

## مثال کے مطابق ہم آواز لفظوں کی جوڑی بنائیے

| الف | ب |
|---|---|
| تارے | جام |
| چھوٹے | بوجھل |
| نُور | پیارے |
| شام | موٹے |
| اوجھل | دور |

© NCERT not to be republished

## مصرعے مکمل کیجیے اور ان پر غور کیجیے

| الف | ب |
| --- | --- |
| ختم ہوا دن، سورج ڈوبا | نُور مسرّت کا تاروں سے |
| دُور کہیں سے ٹھنڈے ٹھنڈے | اوجھل ہو کر گلی گلی میں |
| اُن کو دیکھ کے اور بھی برسا | آنکھ مچولی گلی گلی میں |
| کھیل رہے ہوں جیسے بچّے | شام ہوئی اور اُبھرے تارے |
| یا شبنم کے قطرے چمکیں | تیز ہَوا کے جھونکے آئے |

## بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

جگمگ ______ ______ ______ ______ ______

ٹھنڈے ______ ______ ______ ______ ______

جھونکے ______ ______ ______ ______ ______

انباروں ______ ______ ______ ______ ______

شبنم ______ ______ ______ ______ ______



© NCERT not to be republished

## خالی جگہوں میں مناسب لفظ چن کر لکھیے

جھونکے　　ابھرے　　مسرّت　　قطرے　　انباروں

- شام ہوئی اور ________ تارے
- تیز ہوا کے ________ آئے
- نوٗر ________ کا تاروں سے
- بادل کے ان ________ سے
- یا شبنم کے ________ چمکیں

## کیجیے

- کچھ تارے الگ دکھائی دیتے ہیں، کیا آپ نے ان تاروں کو دیکھا ہے، ان کے بارے میں لکھیے اور تصویر بنائیے

________________________________

________________________________

________________________________

© NCERT not to be republished

## نیچے دیے گئے لفظوں سے جملے بنائیے

سورج ______

بادل ______

انبار ______

نوٗر ______

شبنم ______

## پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے

● درج ذیل مصرعوں میں خط کشیدہ لفظوں کو غور سے پڑھیے



جگمگ جگمگ کرتے تارے        نور کے ٹکڑے پیارے پیارے

کاندھوں پر اپنے وہ اُٹھا کر        چھوٹے چھوٹے بادل لائے

''جگمگ جگمگ، پیارے پیارے، چھوٹے چھوٹے'' کو دو دو بار استعمال کیا گیا ہے۔

بات میں زور اور شدت پیدا کرنے کے لیے جب کسی ایک لفظ کو دو بار لکھا یا بولا جاتا ہے تو لفظوں کی اس ترکیب کو 'تکرارِ لفظی' کہتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

## دیے ہوئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے

- کھیلتے کھیلتے
- آتے آتے
- ہنستے ہنستے
- رفتہ رفتہ
- روز روز



### پہیلی

وہ کیا ہے جس کی آنکھیں نہیں پھر بھی روتا ہے

اور اس کے پر نہیں لیکن اُڑتا ہے؟



### اساتذہ کے لیے ہدایات

- طلبا کو تارامنڈل کی سیر کرائی جاسکتی ہے۔
- خلائی وفضائی معلومات والی فلمیں دکھائی جاسکتی ہیں۔
- طلبا کو بلند آواز سے نظم خوانی کرائی جاسکتی ہے۔
- بادل اور تارے سے بھرے آسمان کی تصویر بنا کر رنگ بھروایا جاسکتا ہے۔

© NCERT not to be republished

## کیجیے

- مثال کے مطابق خانوں میں دیے گئے حروف کی مدد سے درج ذیل الفاظ تلاش کیجیے

شام    سورج    تارے    ہوا    نوُر    کھیل    شبنم    قطرے    گلی

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ج | ت | ڈ | ط | س | و | ر | ج |
| ب | ا | د | ل | ض | ن | ؤ | ر |
| ص | ر | د | ا | ق | ع | ی | ہ |
| ش | ے | ک | ع | ط | ص | ف | و |
| ا | ب | ھ | ش | ر | ڑ | غ | ا |
| م | س | ی | ڈ | ے | گ | ل | ی |
| پ | و | ل | خ | ژ | ا | ق | ے |
| گ | ش | ب | ن | م | ل | ڑ | ت |

© NCERT not to be republished

رنگ بھریے



© NCERT not to be republished